© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

محترم محمد اسحٰق مرحوم: بستی پرو چڑاں تحصیل خانپور سے ہمارے کرف فرما اور رفیقِ فکر محترم محمد اسحٰق صاحب گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے مرحوم مولوی محمد اسمٰعیل صاحب ارمولانا محمد یوسف احرار کے بھائی تھے حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ سے بے پناہ محبت رکھتے تھے ان کی محبت کا یہ عالم تھا کہ انہوں نے اپنے بیٹوں کے نام ابناء امیر شریعت کے نام پر عطاء المنعم، عطاء المحسن اور عطاء المؤمن رکھے اللہ تعالیٰ مرحوم کی خطاؤں کو معاف فرمائے حسنات قبول فرما کر جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے ان کے تمام بھائیوں اور دیگر پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

اہلیہ مرحوم مولانا محمد شریف احرار: شاعر احرار جانباز مرزا مرحوم کے سمدھی، محترم خالد جانباز کے سسر مولانا محمد شریف احرار کی اہلیہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئیں مدنی مسجد بخاری ٹاؤن چنیوٹ کے مدرس محترم حافظ محمد یامین صاحب گزشتہ ماہ اچانک انتقال کر گئے۔

جناب عبدالعزیز خان کو صدمہ: مجلس احرار اسلام کلاچی (ڈیرہ اسمٰعیل خان کے صدر محترم عبدالعزیز خان کے چچازاد محمد عباس خان گنڈاپور گزشتہ ماہ انتقال کر گئے ان سے قبل محترم عبدالستار خان بھی انتقال کر گئے۔

☆ جامع مسجد مدنی، احرار مرکز چنیوٹ کے امام حافظ محمد یامین ۲۰، ستمبر بروز جمعرات کو چنیوٹ میں انتقال کر گئے۔

☆ منتظم دفتر ''نقیب ختم نبوت'' محمد یوسف شاد کے چچازاد بھائی محترم نذر محمد ۲۵، ستمبر بروز منگل، ملتان میں انتقال کر گئے۔

☆ مدرسہ معمورہ وہاڑی روڈ ملتان کے معاون محترم ڈاکٹر عبدالغفور صاحب (ملتان) کی والدہ مرحومہ یکم اکتوبر بروز پیر انتقال کر گئیں۔

☆ مجلس احرار اسلام کرم پور ضلع وہاڑی کے کارکن جناب محمد شریف صاحب کے سسر جناب محمد یوسف صاحب گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ دعاءِ مغفرت اور ایصال ثواب کا خصوصی اہتمام فرمائیں۔

اراکین ادارہ نقیب ختم نبوت تمام مرحومین کیلئے دعاءِ مغفرت کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرما کر اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے (آمین)

دورِ جدید کی اعلیٰ فینسی ورائٹی کا مشہور مرکز
عمر فاروق ہارڈ وئیر پینٹس اینڈ مل سٹور
عمارتی و صنعتی سامان، ہارڈ وئیر، پینٹس، ٹولز، بلڈنگ میٹریل، گورنمنٹ کے منظور شدہ کنڈے، باٹ و پیمانہ جات
صدر بازار ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462483

© rasailojaraid.com